## جناب الطاف حسین کی نواب اکبر بگٹی کی تیسری برسی کے موقع پر تعزیت

لندن 26 اگست 2009ء۔۔۔

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے نواب اکبر خان بگٹی شہید کی تیسری برسی کے موقع پر انکے اہلخانہ اور بلوچ قوم سے دلی تعزیت کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالی انہیں جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے (آمین)۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے ارباب اختیار سے مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان کے عوام کے ساتھ بہت ناانصافی ہوئی ہے انکے ساتھ انصاف کیا جائے اور طاقت کا استعمال بند کیا جائے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ جو بلوچ رہنماء پہاڑوں پر چلے گئے ہیں انہیں بھی بلا کر بات چیت کی جائے اور ماضی کی تلخیوں کو بھلا کر بلوچ قوم کو گلے لگایا جائے۔

## ایم کیوایم کے وفد کی وزیراعظم سے ملاقات

## بلدیاتی نظام کو جاری رکھنے اور اس کی افادیت پر تبادلہ خیال

اسلام آباد: 26/اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینز و قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر و وفاقی وزیر سمندر پار پاکستانی ڈاکٹر فاروق ستار کی قیادت میں ایم کیوایم کے 8 رکنی وفد نے بدھ کے روز وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے وزیراعظم ہاؤس میں ملاقات کی اور بلدیاتی نظام کو جاری رکھنے اور بلدیاتی نظام کی افادیت پر وزیراعظم سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ وفد نے وزیراعظم سے کہا کہ بلدیاتی نظام ہمارے ملک کے جمہوری نظام کی نرسری ہے اس کو نہ صرف رہنا چاہئے بلکہ اس میں مزید بہتری لانے کی گنجائش بھی موجود ہے۔ وزیراعظم نے ایم کیوایم کے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ موجودہ بلدیاتی نظام کے مستقبل اور اس میں لائی جانے والی متوقع ترامیم میں ایم کیوایم کی رائے کو مدنظر رکھ کر فیصلہ کیا جائے گا۔ ایم کیوایم کے وفد نے وزیراعظم سے کراچی حیدرآباد میں جاری ترقیاتی منصوبوں میں مرکز کے تعاون کا بھی شکریہ ادا کیا اور ایم کیوایم کے اراکین پارلیمنٹ کے مزید منصوبوں کی تجاویز پر تبادلہ خیال بھی کیا۔ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے کراچی اور حیدرآباد میں جاری اور مزید ترقیاتی منصوبوں پر ایم کیوایم کے اراکین پارلیمنٹ کی تجاویز کو سراہا اور مزید منصوبے شروع کرنے کی تجاویز پر ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ ایم کیوایم کے وفد نے غربت، بیروزگاری، مہنگائی، آٹا، چینی اور بجلی کے بحران پر بھی وزیراعظم کی توجہ مبذول کرائی۔ وزیراعظم نے کہا کہ اتحادی جماعتوں سے ملکر ان تمام بحرانوں پر قابو پانے کیلئے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ ایم کیوایم کے وفد میں رکن رابطہ کمیٹی و سندھ کے صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر صغیر احمد، قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر سید حیدر عباس رضوی، اراکین قومی اسمبلی اقبال محمد علی خان، ڈاکٹر ندیم احسان، سفیان یوسف، سید طیب حسین اور آصف حسنین بھی شامل تھے۔

## ملک بھر کے عوام جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہوں گے، حق پرست ارکان سینٹ

## سابق فوجی افسران کے انکشافات سے ثابت ہوگیا ایم کیوایم پر لگائے گئے تمام الزامات ڈھونگ تھے

## ایم کیوایم کے خلاف آپریشن اور جھوٹے الزامات کا مقصد ملک بھر کے عوام کو ایم کیوایم سے دور رکھنا ہے

کراچی۔۔۔26، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سینیٹ نے سابق فوجی افسران کی جانب سے جناح پور کے نقشے کی برآمدگی کو ڈرامہ قرار دینے پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے خلاف آپریشن اور جھوٹے الزامات کا مقصد ملک بھر کے عوام کو ایم کیوایم سے دور رکھنا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقے کی جماعت ہے جو ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ نظام کے خاتمے اور غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی کیلئے عملی جدوجہد کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پر جناح پور کی گھناؤنی سازش کا الزام ملک بالخصوص پنجاب کے مظلوم عوام کو ایم کیوایم سے بدظن کرنے کی سازش تھی تا کہ پنجاب میں ایم کیوایم کے حق پرستانہ فکر وفلسفہ اور غریب ومتوسط طبقے کی قیادت کے تصور کو پھیلنے سے روکا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ 18 برس تک ایم کیوایم کی حب الوطنی مشکوک بنا کر پنجاب کے عوام کو گمراہ کیا جاتا رہا اور آج جنرل (ر) نصیر اختر اور بریگیڈیئر (ر) امتیاز احمد کے انکشافات سے یہ حقیقت کھل کر سامنے آچکی ہے کہ ایم کیوایم پر لگائے گئے تمام الزامات ڈھونگ تھے اور ملک بھر کے عوام میں یہ حقیقت واضح

ہوچکی ہے کہ ایم کیوایم ایک محبّ وطن جماعت ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ حقائق عوام کے سامنے آنے سے صوبہ پنجاب کے عوام کی نمائندگی کا دعوی کرنے والے شدید بوکھلاہٹ کا شکار ہوگئے ہیں اورانہیں اپنا سیاسی مستقبل تاریک نظر آرہا ہے۔حق پرست ارکان سینیٹ کہا کہ ایم کیوایم ملک کی ترقی وخوشحالی اورعوام کی فلاح وبہبود کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اورانشاءاللہ پاکستان بالخصوص صوبہ پنجاب کے عوام فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہوں گےاورمفاد پرستی کی سیاست کا خاتمہ کردیں گے۔

## ایم کیوایم کے کارکن اعجاز احمد بیگ اور ہمدرد محمد عتیق کے قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے،ارکان قومی اسمبلی
## ایم کیوایم کونشانہ بنا کر منتخب حکومت اور جمہوریت کے خلاف گھناؤنی سازش کی جارہی ہے

کراچی۔۔۔26،اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے مطالبہ کیا ہے کہ ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 106 کے کارکن اعجاز احمد بیگ اور ہمدرد محمد عتیق کے بہیمانہ قتل میں ملوث سفاک دہشت گردوں کوگرفتار کرکے قرار واقعی سزادی جائے اورایم کیوایم کے کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کا سلسلہ فی الفور بند کرایا جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ جنوری 2009 سے لیکر اب تک ایم کیوایم کے 55 کارکنان کوٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر بیدردی سے شہید کیا جاچکا ہے اورایم کیوایم منتخب حکومت کے استحکام،جمہوریت کے فروغ اورامن عامہ کی خاطر اپنے کارکنوں کی شہادتوں کے باوجود صبر کا مظاہرہ کررہی ہے۔انہوں نے اعجاز احمد بیگ شہید اور ہمدرد محمد عتیق کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی،وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک،گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم کے کارکن اعجاز احمد بیگ اور ہمدرد محمد عتیق کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اورٹارگٹ کلنگ کے ذریعے جمہوریت اورمنتخب حکومت کے خلاف گھناؤنی سازش کا خاتمہ کیا جائے۔

## گلشن اقبال سیکٹر کے کارکن اکرام خان کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔26،اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ B-67 کے کارکن اکرم خان کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کواپنی جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگوارلواحقین کوصبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب کے چھوٹے بھائی شاداب فہیم مرحوم کی فاتحہ سوئم

کراچی۔۔۔26/اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب کے چھوٹے بھائی شاداب فہیم کا سوئم آج ان کی رہائش گاہ واقع سولجر بازار میں ہوا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی۔قرآن وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائمخانی،رابطہ کمیٹی کے اراکین سید شعیب احمد بخاری،نیک محمد،قاسم علی رضا،سلیم تاجک،سیف یارخان،شاکر علی،حق پرست سینیٹرز،وفاقی وصوبائی وزراء،مشیران،اراکین قومی وصوبائی اسمبلی،ٹاؤن ناظمین،نائب ٹاؤن ناظمین،یوسی ناظمین،نائب یوسی ناظمین،کونسلرز،اے پی ایم ایس اوسمیت ایم کیوایم کے ونگزاور شعبہ جات کے اراکین،ایم کیوایم کے سیکٹروں ویونٹس کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اورمرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔خواتین کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا انتظام مرحوم کی رہائشگاہ میں ہوا جس میں حق پرست خواتین اراکین اسمبلی اورایم کیوایم شعبہ خواتین کی ارکان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔26،اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ B-67 کے کارن اکرم خان،ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 198 کے کارکن عتیق احمد خان کے والد محمد مصطفیٰ خان، ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر یونٹ 5 کے کارکن خالد زیدی کے صاحبزادے سید محمد شاہ زیب زیدی،لیاقت آباد ٹاؤن یوسی 4 کے حق پرست جنرل کونسلر وقار احمد کے والد امتیاز احمد صغیر، ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن یونٹ 7 کے کارکن عمر کے والد محمد طارق اورایم کیوایم گڈاپ سیکٹر یونٹ خدا کی بستی کے کارکن مشتاق احمد کے والد عبدالقادر کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆